کل نمبر: 100 **پرچہ پانچواں (ii): اسلامی اخلاق وتصوف** وقت: 3 گھنٹے

نوٹ: پہلا سوال لازمی ہے۔ حصہ اوّل اور حصہ دوم میں سے دو دو سوالات کے جوابات تحریر کیجئے۔

سوال 1: درج ذیل میں سے دس سوالوں کے مختصر جواب تحریر کریں:

-1 قرآن حکیم نے ابلیس کے آدم علیہ السلام کو سجدہ کرنے سے انکار کی وجہ کس اخلاقی عیب کو قرار دیا؟

-2 آیت مکمل کریں: ولو کنت فظاً غلیظ القلب.....

-3 امام غزالی کی ایک اہم کتاب کا پورا نام تحریر کریں۔

-4 قرآن مجید نے کس پیغمبر کے بارے کہا ہے کہ "خلق عظیم" کے حامل ہیں۔

-5 "کشف المحجوب" اور "فتوحات مکیہ" کتابوں کے مصنفین کے نام تحریر کریں۔

-6 حدیث جبریل علیہ السلام میں "احسان" کیا ہے؟

-7 حضرت خواجہ فرید الدین کے دو مشہور خلفاء کے نام لکھیں جن سے آپ کے سلسلہ کی اشاعت ہوئی؟

-8 صوفیاء کی اصطلاح میں مراقبہ سے کیا مراد ہے؟

-9 سلسلہ چشتیہ کے بانی کون ہیں؟

-10 معجزہ اور کرامت میں کوئی سے دو فرق بیان کریں۔

-11 مشہور روایت کے مطابق سب سے پہلے صوفی کا لقب کسے دیا گیا؟

-12 صبر پر کوئی حدیث یا آیت لکھیں۔

حصہ اوّل

سوال 2: اسلام کا تصور اخلاق کیا ہے؟ فضائل اخلاق کی اسلام نے کس طرح تعریف کی ہے اور بُرے اخلاق سے کیسے منع کیا ہے؟ جامع نوٹ لکھیں۔

سوال 3: مسلم فلاسفہ کے اخلاقی نظریات و افکار پر تفصیلی نوٹ لکھیں۔

سوال 4: یہودیت و نصرانیت کے اخلاقی تصورات کا موازنہ کریں۔

سوال 5: درج ذیل میں سے دو پر نوٹ لکھیں:

(الف) اخلاقی تربیت کے اسلامی اصول (ب) سوشلزم اور اخلاقیات

(ج) سیرت رسول ﷺ میں عفو و درگزر کی اہمیت

حصہ دوم

سوال 6: تصوف کی مختلف تعریفات لکھیں نیز قرآن و حدیث میں تصوف کی بنیادیں کس طرح موجود ہیں؟ دلائل سے ثابت کریں۔

سوال 7: تصوف کا آغاز و ارتقاء بیان کرتے تصوف کے مختلف ادوار کی تفصیل قلمبند کریں۔

سوال 8: وحدت الوجود اور وحدت الشہود سے کیا مراد ہے؟ تقابل کرتے ہوئے دونوں کی جامع توضیح کریں۔

سوال 9: صرف دو پر نوٹ لکھیں:

(الف) حضرت علی ہجویری علیہ الرحمہ

(ب) جہاد اور صوفیاء

(ج) ولی کا قرآنی تصور

www.imkidunya.com

سال دوئم..... سالانہ امتحان 2013ء

کل نمبر: 100 **پرچہ پانچواں (ii): اسلامی اخلاق وتصوف** وقت: 3 گھنٹے

نوٹ: پہلا سوال لازمی ہے۔ بقیہ دونوں حصوں میں سے دو دو سوالوں کے جوابات تحریر کیجئے۔ کتاب وسنت اور سیرت طیبہ کے حوالوں سے مزین جواب ہی بہتر نمبروں کے مستحق ہوں گے۔

سوال 1: درج ذیل میں سے کوئی سے دس سوالات کے مختصر جوابات تحریر کیجئے:

1- اخلاق سے متعلق ایک مختصر یا حدیث لکھیں۔
2- ایک ایسے اخلاقی عیب کا ذکر کریں جس کے مرتکب کو قرآن میں لعنتی کہا گیا ہے۔
3- آیت مکمل کریں: ولو کنت فظا غلیظ القلب.....
4- امام غزالی کی ایک اہم کتاب کا پورا نام لکھیں۔
5- نبی کریم ﷺ نے کس شخص کو کامل ایمان والا قرار دیا ہے؟
6- اخوان الصفا کی سرگرمیاں خفیہ کیوں ہوتی تھیں؟
7- تصوف کے سلسلہ سہروردیہ کے بانی کا پورا نام تحریر کریں۔
8- حضرت مجدد الف ثانی نے جو اصلاحی کام کیا' اس میں سے کسی ایک کا ذکر کیجئے۔
9- ابن عربی کی ایک کتاب کا نام لکھیں۔
10- ابن مسکویہ کی وجہ شہرت کیا ہے؟
11- اسلام کے نظام اخلاق کا کوئی ایک امتیازی پہلو بیان کریں۔
12- نروان اور رہبانیت کن مذاہب کی اصطلاح ہیں؟

حصہ اوّل..... اخلاق

سوال 2: اسلام کے نظام اخلاق کا اس طرح جائزہ لیں کہ واضح ہو جائے کہ موجودہ اخلاقی برائیوں کی اصلاح کے لئے یہ نظام بہترین کردار ادا کر سکتا ہے۔

سوال 3: انسانی کردار کی اصلاح وتربیت میں اسلامی عبادات کیا کردار ادا کرتی ہیں؟

سوال 4: آپ کے نصاب میں کون کون سے ماہرین اخلاق شامل ہیں؟ ان میں سے کسی ایک کے نظریات کا جائزہ لیں۔

سوال 5: اسلام کی بنیادی اخلاقی اقدار کیا ہیں؟ کتاب وسنت اور سیرت طیبہ کی روشنی میں مضمون لکھیں۔

حصہ دوم..... تصوف

سوال 6: تصوف کی اصل کیا ہے؟ اس کے آغاز وابتدائی ارتقاء پر مضمون لکھیں۔

سوال 7: بطور صوفی امام غزالیؒ کے افکار پر مضمون تحریر کریں۔

سوال 8: ملت اسلامیہ کی اصلاح کے لئے شاہ ولی اللہ کی خدمات پر مضمون تحریر کریں۔

سوال 9: مندرجہ ذیل میں سے دو پر نوٹ لکھیں:

(الف) اصلاح تصوف کا مفہوم (ب) رسائل اخوان الصفا

(ج) سیّد علی ہجویری المعروف حضرت داتا گنج بخش رحمتہ اللہ علیہ

اس پرچہ میں کامیابی کیلئے ''اسلامی اخلاق وتصوف'' محمد امین کھوکھر کا مطالعہ فرمائیں

www.ilmkidunya.com

پرچہ نمبر 5(ii) اسلامی اخلاق و تصوف

وقت: 3 گھنٹے　　کل نمبر: 100

پہلا سوال لازمی اور معروضی ہے۔ اس کے علاوہ حصہ اول اور حصہ دوم میں سے دو، دو سوالات کے جواب تحریر کریں۔

سوال نمبر (۱) یہ معروضی سوال ہے۔ کوئی سے دس اجزاء کے بالکل مختصر جواب تحریر کیجئے۔

۱) ''وحی کا لغوی اور اصطلاحی مفہوم مختصر لکھیں۔

۲) ''چھار فرائض نبوت'' قرآنی آیت کی روشنی میں تحریر کریں۔

۳) انبیاء کی دعوت کے تین مشترکہ نکات بیان کریں۔

۴) ''دار ارقم'' کی وجہ شہرت کیا ہے؟

۵) دعا کے آداب میں تین آداب لکھیئے۔

۶) نبی اکرم ﷺ کے اخلاق عالیہ کے بارے میں ایک حدیث مع ترجمہ تحریر کریں۔

۷) نظریہ ''وحدۃ الشہود'' کی مختصر تعریف کریں۔

۸) علم حاصل کرنے کے کون سے ذرائع انسان کو ودیعت ہوئے ہیں؟

۹) امہات کتب تصوف میں سے دو کے اسماء تحریر کریں۔

۱۰) تصوف کی جامع تعریف لکھیں۔

۱۱) اخلاق کی جامع تعریف لکھیں۔

۱۲) ''نقشبند'' کی وجہ تسمیہ کیا ہے؟

(حصہ اول)

سوال نمبر (۲) اسلام کے تصور اخلاق کو قرآن وسنت کی روشنی میں تحریر کریں۔

سوال نمبر (۳) امام غزالی کے اخلاقی نظریات کا مفصل جائزہ پیش کریں۔

سوال نمبر (۴) صحابہ کرامؓ نے کس جذب وشوق سے ''اخلاقِ عالیہ'' اور ''اسوہ حسنہ'' کو اپنایا۔ مثالوں سے واضح کریں۔

سوال نمبر (۵) ''اخلاقی اصلاح'' میں عقیدہ آخرت کا کیا کردار ہے؟ مفصل جائزہ لیں۔

(حصہ دوم)

سوال نمبر (۶) تصوف کے ماخذ اور اس کے آغاز وارتقاء پر تفصیلی نوٹ لکھیں۔

سوال نمبر (۷) ''وحدۃ الوجود'' کیا ہے، اس کی تعریف، تاریخ اور اثرات کا ناقدانہ جائزہ لیں۔

سوال نمبر (۸) برصغیر میں اسلام کی ترویج واشاعت کے حوالے سے صوفیا کرام کی خدمات کا جائزہ پیش کریں۔

سوال نمبر (۹) متصوفانہ افکار کے حوالے سے حسب ذیل شخصیات پر جامع شذرہ تحریر کریں۔

(الف) سید علی ہجویریؒ　　(ب) شاہ ولی اللہ

www.ilmkidunya.com

سال دوئم..... سالانہ امتحان 2011ء

کل نمبر: 100 **پرچہ پانچواں (ii): اسلامی اخلاق وتصوف** وقت: 3 گھنٹے

نوٹ: حصہ اوّل میں سے تین اور حصہ دوم میں سے دو سوالات کے جوابات تحریر کیجئے۔

حصہ اوّل..... اخلاق

سوال 1: اخلاق کیا ہے؟ اسلامی نظام اخلاق کی نمایاں خصوصیات اور امتیازی ارکان بیان کریں۔

سوال 2: "اُسوہ حسنہ" کے اثرات کو صحابہ کرام نے کس جذب وشوق کے ساتھ قبول کیا؟ مثالوں کے ساتھ واضح کیجئے۔

سوال 3: "معاشی زندگی کے ساتھ اخلاقی تعلیمات کے تعلق" کی دلائل اور حوالوں کے ساتھ وضاحت کیجئے۔

سوال 4: نظریۂ وجدیت اور الحاد انسانی اخلاق وکردار کو کس طور پر متاثر کرتے ہیں؟ شذرہ تحریر کریں۔

سوال 5: رسول اکرم ﷺ کا اپنے اہل وعیال کے ساتھ حسن سلوک کے حوالے سے خوبصورت خاکہ مرتب کیجئے۔

حصہ دوم..... تصوف

سوال 6: تصوف کیا ہے؟ اس کی تاریخ اور اسلامی تعلیمات کے ساتھ اس کے تعلق پر تفصیلی نوٹ تحریر کریں۔

سوال 7: قلبی واردات سے کیا مراد ہے؟ تجزیاتی بحث کیجئے۔

سوال 8: وحدۃ الوجود کی تعریف وتاریخ اور اس کے اثرات پر ناقدانہ بحث کیجئے۔

سوال 9: حضرت مجدد الف ثانیؒ کی تعلیمی واصلاحی خدمات پر جامع نوٹ تحریر کریں۔

oldsolvedpapers.blogspot.com

سال دوئم..... سالانہ امتحان 2010ء

کل نمبر: 100 **پرچہ پانچواں (ii): اسلامی اخلاق وتصوف** وقت: 3 گھنٹے

نوٹ: حصہ اوّل میں سے تین اور حصہ دوم میں سے دو سوالات کے جوابات تحریر کیجئے۔

حصہ اوّل..... اخلاق

سوال 1: "وَ اِنَّکَ لَعَلٰی خُلُقٍ عَظِیم" کی توضیح وتفسیر کیجئے۔

سوال 2: مشرکانہ عقائد کے انسان کی اخلاقی زندگی پر کیا اثرات پڑتے ہیں؟

سوال 3: "دہریت" انسان کو کیسے اخلاق وکردار کا خوگر بناتی ہے؟ دلائل وشواہد کے ساتھ ناقدانہ جائزہ لیجئے۔

سوال 4: "اخلاقی رذائل" انسانی شخصیت میں کیونکر جگہ پاتے ہیں؟

سوال 5: اخلاقی بناؤ اور بگاڑ میں "ماحول" کی تاثیرات" کا بھرپور جائزہ لیجئے۔

حصہ دوم..... تصوف

سوال 6: تصوف کے مقاصد اور طریقۂ کار پر قرآن وسنت کی روشنی میں تجزیاتی بحث کیجئے۔

سوال 7: ملتان کو اولیاء کرام کی سرزمین کہا جاتا ہے' واضح کیجئے۔

سوال 8: مجدد الف ثانیؒ اور شاہ ولی اللہؒ کے افکار پر تصوف کے تناظر میں بحث کیجئے۔

سوال 9: مسلمانوں میں تصوف کی تازہ مہمات کے مقاصد' محرکات اور اثرات کا جائزہ لیجئے۔

www.ilmkidunya.com

سال دوئم ..... سالانہ امتحان 2008ء

کل نمبر: 100 — پرچہ پانچواں (ii): اسلامی اخلاق وتصوف — وقت: 3 گھنٹے

نوٹ: حصہ اوّل میں سے [illegible] سوالات کے جوابات تحریر کیجئے۔

old-solved-guess-papers.blogspot.com

حصہ اوّل ..... اخلاق

سوال 1: عذاب وثواب کے تصور کے انسان کی اخلاقی زندگی پر کیا اثرات مرتب ہوتے ہیں؟

سوال 2: قرآن مجید ''کتاب الاخلاق'' ہے۔ دلائل کے ساتھ واضح کیجئے۔

سوال 3: انسانی زندگی کو اخلاقی نظم وضبط میں رکھنے کے لئے ''حدود وقصاص'' کی اہمیت کو اُجاگر کیجئے۔

سوال 4: انسانی معاشرے میں سیاسی اخلاقیات کی ضرورت واہمیت کو مثالی دور کے تناظر میں واضح کیجئے۔

سوال 5: جلال الدین دوانی کے اخلاقی نظریات اور سیرت وکردار کو وضاحت کے ساتھ لکھئے۔

حصہ دوم ..... تصوف

سوال 6: تصوف وتزکیۂ نفس کی روح اور حقیقی منہاج کی وضاحت کیجئے۔

سوال 7: برصغیر پر تصوف کے کیا اثرات مرتب ہوئے؟ دلائل وشواہد کے ساتھ لکھئے۔

سوال 8: حضرت جنید بغدادیؒ کے سیرت وکردار کی وضاحت کیجئے۔

سوال 9: تصوف کی ''امہات کتب'' کا تعارف کروائیے۔

اس پرچہ میں کامیابی کیلئے ''اسلامی اخلاق وتصوف'' محمد امین کھوکھر کا مطالعہ فرمائیں

سال دوئم..... سالانہ امتحان 2008ء

کل نمبر 100 **پرچہ پانچواں (ii): اسلامی اخلاق وتصوف** وقت: 3 گھنٹے

old-solved-guess-papers.blogspot.com

نوٹ: حصہ اوّل میں سے کسی ایک کے جوابات تحریر کیجئے۔

حصہ اوّل..... اخلاق

سوال 1: اخلاقی محرکات میں "ایمان بالآخرۃ" کی اہمیت واثرات کا جائزہ پیش کیجئے۔

سوال 2: قرآن اخلاقیات وفضائل کی بنیاد ہے۔ آیات قرآنیہ کے حوالوں کے ساتھ وضاحت کیجئے۔

سوال 3: شاہ ولی اللہ کے اخلاقی نظریات کو مفصل ومدلل بیان کیجئے۔

سوال 4: نظریہ "وحدۃ الشہود" کا مفصل ومدلل تعارف اور جائزہ پیش کیجئے۔

سوال 5: دینی احکامات کی روشنی میں راہبانہ نظریات وتحریکات کا تجزیاتی مطالعہ پیش کیجئے۔

حصہ دوم..... تصوف

سوال 6: کشف والہام کی کیا حیثیت ہے؟ شرعی اور دینی اعتبار سے جائزہ لیجئے۔

سوال 7: اسلامی اخلاقیات کی جامعیت اور ہمہ گیری کو دلائل کے ساتھ واضح کریں۔

سوال 8: برصغیر کے مشہور صوفیاء کے اہم نظریات، طریقہ کار اور اثرات پر فاضلانہ بحث کیجئے۔

سوال 9: علم تصوف کی اُردو میں چند مشہور کتب کا تعارف کروائیے۔

اس پرچہ میں کامیابی کیلئے "اسلامی اخلاق وتصوف" محمد امین کھوکھر کا مطالعہ فرمائیں

کل نمبر: 100 پرچہ پانچواں (ii): اسلامی اخلاق وتصوف وقت: 3 گھنٹے

old-solved-guess-papers.blogspot.com

نوٹ: حصہ اوّل میں سے تین سوالات کے جوابات تحریر کیجئے۔

حصہ اوّل..... اخلاق

سوال 1: ''خیر وشر'' کے قرآنی نظریہ کی آیات کے حوالے سے وضاحت کیجئے۔

سوال 2: تعمیر اخلاق میں مابعد الطبعی اساس کی کیا اہمیت ہے؟ بحث کیجئے۔

سوال 3: ''وانک العلی خلق عظیم'' قرآنی بیان کی روشنی میں سیرت ختم المرسلین ﷺ کو جامعیت کے ساتھ تحریر کریں۔

سوال 4: امام غزالیؒ کے نظریۂ اخلاق کو ان کی تصنیفات کے حوالوں کے ساتھ لکھئے۔

سوال 5: اسلامی معیشت کی اخلاقی نقطۂ نظر سے بھرپور اور مدلل وضاحت کیجئے۔

حصہ دوم..... تصوف

سوال 6: کشف والہام کی حقیقت اور شریعت کے اعتبار سے ان کی حیثیت ومقام کو واضح کیجئے۔

سوال 7: تصوف کی ایک جامع تعریف بیان کرتے ہوئے تصوف کے بنیادی مقاصد کا مستند حوالوں کے ساتھ تعین کیجئے۔

سوال 8: ''وحدت الوجود'' اور ''وحدت الشہود'' کی تعریف کیجئے۔ دونوں کے فرق کو واضح کرتے ہوئے ان کے الگ الگ اثرات کا تجزیہ کیجئے۔

سوال 9: برصغیر میں صوفیاء کرام کی تعلیمات اور تبلیغی مساعی کا جائزہ پیش کریں۔

(پرچہ پانچواں) (ii) اسلامی اخلاق وتصوف

old-solved-guess-papers.blogspot.com

کل نمبر 100 وقت: 3 گھنٹے

نوٹ: حصہ اول میں سے تین اور حصہ دوم میں سے دو سوالات کے جوابات تحریر کیجیے۔

حصہ اول: اخلاق

(1) "اسلام کا تصور اخلاق" قرآن وحدیث کی روشنی میں وضاحت فرمائیں۔

(2) عقیدہ آخرت کس طرح تعمیر اخلاق واصلاح کا محرک ثابت ہوتا ہے؟

(3) انسان اخلاق رذیلہ کی طرف کیوں مائل ہوتا ہے؟ محرکات واسباب کا تجزیہ کیجیے۔

(4) قرآن "اسوۂ حسنہ" کی پیروی کی تاکید کرتا ہے، مقاصد وحکمت پر بحث کیجیے۔

(5) امام غزالی کے نظریہ اخلاق کا تعارف کروائیے۔

حصہ اول: تصوف

(6) تصوف کے آغاز وارتقاء پر مدلل بحث کیجیے۔

(7) کشف والہام کی دینی وشرعی حیثیت پر فاضلانہ بحث کیجیے۔

(8) اصلاح سیرت وکردار میں قلب انسانی کی مرکزیت کو قرآن وحدیث کی روشنی میں واضح کیجیے۔

(9) سید علی ہجویری کی کشف المحجوب سمیت تصوف کے موضوع پر کوئی پانچ اہم کتب کا تعارف کروائیے۔